# Rampur State Gazette

# گزٹ ریاست رامپور

## بحکم بندگان اعلیحضرت حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

| جلد ۳۹ | مطبوعہ روز دوشنبہ تاریخ ۷ ذیقعدہ ۱۳۴۵ھ مطابق ۹ مئی ۱۹۲۷ء | نمبر ۱۹ |
|---|---|---|


### فہرست مضامین



| نمبر شمار | خلاصہ مضمون | نمبر صفحہ |
|---|---|---|
| ۱ | اخراج اسم قاضی احسان اللہ اڈیٹر و استقلام جائے نامبردہ۔ | ۱ و ۲ |
| ۲ | رخصت ماسٹر اشفاق حسین بی۔ اے | ۲ |
| ۳ | تبادلہ [illegible] الرحمن صاحب و عطائے رینک کپتان ۔ اسد علیخانصاحب | ،، |
| ۴ | رخصت [illegible] اسسٹنٹ ڈویژنل افسر۔ | |
| ۵ | جوابات مختلفہ بابت [illegible] | ۲ و ۳ |
| ۶ | شمول الاونس سابق در تنخواہ سید شوکت علی انگلش کلرک و عطائے الاونس دیگر از صیغہ پولیس۔ | ۳ |
| ۷ | بابت ورثائے آنے نقشہ جات وفات۔ | ،، |
| ۸ | اضافہ جات ماسٹران مڈل اسکول۔ | ،، |
| ۹ | نتیجہ امتحان طلبا مڈل اسکول | ،، |
| ۱۰ | استقلام مدرسہ مڈل اسکول۔ | ۳ و ۴ |
| ۱۱ | استعفاء مدرس [illegible] | ،، |
| ۱۲ | [illegible] منشی رام سروپ [illegible] مدرس [illegible] | ،، |
| ۱۳ | نقشہ جات [illegible] اجلاس۔ | ضمیمہ |



## حکم اجلاس ہمایون بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم واقع ۲۱ اپریل ۱۹۲۷ء

کاغذات ملاحظہ ہوئے۔ رپورٹ صاحب فائننشل سکریٹری بہادر منظور ہو۔ قاضی احسان اللہ اڈیٹر کا نام خارج کیا جائے۔ بجائے قاضی احسان اللہ کے سید مسعود احمد بیرسید منظور احمد مشاہرہ وار پچاس ماہانہ سیکشن الف مین اڈیٹر مقرر ہو۔ اور

۲۔ منشی نسیم الزمان اڈیٹر مشاہرہ دار ساٹھ ماہانہ بھی [illegible] ماہانہ سیکشن ای مین بمشاہرہ [illegible] ماہوار سب اڈیٹری پر منتقل کیا جائے۔ اور بجائے

نسیم الزمان کے بجائے رضا خان بمشاہرہ چالیس روپیہ ماہوار سیکشن ج کی
مین اڈیٹر مقرر ہو۔ اور

۳۔ سید زاہد حسین اسسٹنٹ سید وار بمشاہرہ ۳۰ ماہانہ سیکشن ب میں سب اڈیٹر
مقرر کیا جائے۔

مندرجہ بالا انتظام چھ ماہ کے لئے منظور کیا جاتا ہے۔

سری رام پیشکار نے جس زمانہ میں نسیم الزمان خان و احسان اللہ اڈیٹران کی جگہ کام کیا ہو صرف اسی زمانہ کا دس روپیہ ماہوار الاونس ایام کارگزاری دلا دیا جائے۔ سررشتہ صدر سے حسب صراحت بالا احکام ضابطہ جاری ہوں۔

## حکم اجلاس ہمایوں بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم
## رخصت

۲۱ اپریل سنہ ۱۹۲۶ء

بموجب صراحت رپورٹ رخصت من ابتدائے ۱۶ جولائی سنہ ۱۹۲۵ء لغایت ۲۸ اپریل سنہ ۱۹۲۶ء بوضع تنخواہ منظور ہے۔ کاغذات بغرض اجرائے احکام واپس ہوں
حسب الحکم دستخط صاحب چیف سکریٹری بہادر

اعلیٰ حضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم
بغرض ——— میرساند

جناب عالی

ماسٹر اشفاق حسین بی اے ٹریننگ کالج الہ آباد میں شرکت کی غرض سے ۱۶ جولائی سنہ ۱۹۲۵ء سے ۲۰ اپریل سنہ ۱۹۲۶ء تک کی رخصت بوضع تنخواہ چاہتے ہیں اور اقرار کرتے ہیں کہ بعد واپسی اپنے پابندی میعاد تنخواہ معینہ سابق پر پوری کرینگے چونکہ اس رخصت سے بجٹ اسکول پر کوئی بار نہیں پڑتا۔ لہذا درخواست رخصت مذکور قابل منظوری ہے۔ ماسٹر اشفاق حسین کی تنخواہ میں سے پانچ روپیہ ماہوار وضع ہو کر حسب شرط اقرار نامہ جو رقم خزانہ میں امانت ہے وہ بدستور خزانہ میں امانت رہیگی۔ لہذا عرضداشت ہذا بامید صدور حکم منظوری ارسال اجلاس ہمایوں ہے۔ دولت و اقبال جاوید باد

## روبکار اجلاس ہمایوں بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم
## واقع ۲۶ اپریل سنہ ۱۹۲۶ء

بنظر مناسب حکم ہوا کہ میجر عطاء الرحمن کا تبادلہ اپنی موجودہ تنخواہ پر آرمی ہیڈ کوارٹرز سے بعہدہ سپرنٹنڈنٹ آفس نواب ولیعہد بہادر کیا جائے۔ تنخواہ بجٹ سکریٹریٹ سے پاتے رہینگے۔ آرمی ہیڈ کوارٹرز کے بجٹ سے رقم بقدر انکی تنخواہ کے بجٹ سکریٹریٹ میں منتقل کیجائے۔ میجر کا رینک انکو بدستور حاصل رہیگا

۲۔ آرمی ہیڈ کوارٹرز میں آیندہ عہدہ بریگیڈ میجر قائم رکھنے کی ضرورت نہیں ہے لفٹننٹ محمد اسد علیخان اسٹاف افسر کو کپتان کا رینک دیا جائے۔ اور انکی موجودہ تنخواہ میں پندرہ روپیہ ماہوار اضافہ کیا جائے۔ آیندہ وہ انکو ایکسو پچیس روپیہ ماہوار تنخواہ ملیگی۔ آرمی ہیڈ کوارٹرز کے جو خدمات بریگیڈ میجر کے متعلق تھیں وہ اسٹاف افسر کے متعلق رہینگی۔ حسب صراحت بالا احکام ضابطہ جاری ہوں۔

حسب الحکم دستخط صاحب چیف سکریٹری بہادر

## حکم اجلاس عالیجناب نواب ولیعہد بہادر دام اقبالہم
## رخصت

۲۴ اپریل سنہ ۱۹۲۶ء

مثل رپورٹ صاحب سکریٹری بہادر تعمیرات درباره منظوری رخصت ڈیڑھ ماہ بابو رتن لال سب ڈویژنل افسر از ۱۰ اپریل سنہ ۱۹۲۶ء۔ ملازم غیر مستقل۔

حکم

حسب رپورٹ صاحب سکریٹری بہادر تعمیرات رخصت ڈیڑھ ماہ بوضع تنخواہ بابو رتن لال سب ڈویژنل افسر منظور ہو۔ برائے اجرائے احکام پاس صاحب سکریٹری بہادر تعمیرات کے ارسال ہو۔

دستخط عالیجناب نواب ولیعہد بہادر دام اقبالہم

## روبکار اجلاس عالیجناب نواب ولیعہد بہادر دام اقبالہم
## واقع ۲۷ اپریل سنہ ۱۹۲۶ء

ہمکو اپنے متعلقہ ہر ڈپارٹمنٹ کے امور مندرجہ ذیل کا دیکھنا منظور ہے۔

۱۔ ہر ماہ کے ختم پر جو احکام متعلقہ اپنے ڈپارٹمنٹ کے مثلاً تقرر برخاستگی ترقی تنزل اور تبادلہ کے جاری کئے ہوں۔ نقل آنا چاہئے۔

۲۔ ماہواری مصارف کا نقشہ جسکے آخر میں باقی بجٹ کی بھی دکھائی جائے مع تفصیل ہر دو اور بھیجا جائے

۳۔ نقشہ نزولات محصل خزانہ حسب ذیل۔ بقایا ماہ گذشتہ۔ نزولات محصلہ ماہ حال

بیاباقی ذریعہ جمع خرچ - باقی نزدات - یہ نقشہ بعد مقابلہ خزانہ آئیگا -

۴ - صاحب فائنینشل سکریٹری بہادر خزانہ کو حکم دین کہ وہ بانسے بہی صیغہ جات متعلقہ کا جداگانہ نقشہ نزدات ریوانصدر بوساطت صاحب فائنینشل سکریٹری بہادر ہر مہینہ بھیجا کرین -

۵ - آیندہ ہمارے متعلقہ ہیڈ ڈپارٹمنٹ کے جمع خرچ ہمارے اجلاس کے توسط سے آڈیٹ کو بھیجا جایا کرین -

۶ - ہر مہینہ مین دکھایا جائے کہ کسقدر ریل تیار ہوے اور کسقدر مجرا ہوے اور کسقدر زیر تیاری ہین اور جو نئے کام جاری ہوین -

۷ - ایسے کام جو متعلق انتظام یا مصارف وغیرہ کے ہون انہین ہمارے متعلقہ ڈپارٹمنٹ کے سکریٹری صاحبان بہادر ہماری وساطت سے باہم مراسلت کرین گے -

لہذا حکم ہوا کہ

ایک ایک نقل روبکار ہذا پاس جملہ سکریٹری صاحبان بہادر کے بھیجدیجائے - اور ایک نقل درج گزٹ ہو -

دستخط عالیجناب نواب ولیعہد بہادر دام اقبالہم

## روبکار اجلاس عالیجناب نواب ولیعہد بہادر دام اقبالہم واقع ۲۸ راپریل ۱۹۲۷ء

سید شوکت علی انگلش کلرک اجلاس ہذا کی تنخواہ پینتالیس (۴۵) روپیہ اور الاونس دس (۱۰) روپیہ ماہوار ہے - اب سے وہ سے صیغہ پولیس کا انگلش کام بھی لیا جاتا ہے اور ٹائپ بھی صیغہ مذکور کا کرتا ہے اسلئے مناسب معلوم ہوتا ہے کہ مبلغ دس (۱۰) روپیہ الاونس شامل تنخواہ پینتالیس (۴۵) روپیہ کیا جائے - بجای پینتالیس روپیہ پچپن (۵۵) روپیہ کی تنخواہ ہو جائیگی - اور مبلغ پندرہ (۱۵) روپیہ صیغہ پولیس سے الاونس مقرر کیا جائے جو پولیس کے بجٹ مین پڑیگا -

لہذا حکم ہوا کہ

ذریعہ روبکار ہذا صدر سے احکام ضابطہ جاری ہون - الاونس مذکور کا عملدرآمد تاریخ امروزہ سے ہوگا - ایک نقل روبکار ہذا درج گزٹ ہو -

دستخط عالیجناب نواب ولیعہد بہادر دام اقبالہم

## روبکار اجلاس عالیجناب نواب ولیعہد بہادر دام اقبالہم واقع ۳۰ راپریل ۱۹۲۷ء

ہمکو دیکھنا ہے کہ روزانہ ریاست مین کسقدر اموات کن کن امراض سے ہوتی ہین اور پیدائش کسقدر روزانہ ہے - چونکہ فوتی و پیدائش دونو کا نقشہ پولیس اور صفائی مین روزانہ بنتا ہے -

لہذا حکم ہوا کہ

ایک نقل روبکار ہذا کی صاحب ملٹری سکریٹری بہادر کے پاس مرسل ہو - اور ایک صاحب سپرنٹنڈنٹ پولیس کے پاس بھیجدیجائے تاکہ دونون جگہ سے روزانہ نقشہ مذکورہ اجلاس ہذا مین آتا رہے - ایک نقل درج گزٹ ہو - صدر سے اجرا احکام ہون -

دستخط عالیجناب نواب ولیعہد بہادر دام اقبالہم

## روبکار اجلاس صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر واقع ۱۱ راپریل ۱۹۲۷ء

ہیڈ ماسٹر مڈل اسکول اور اسسٹنٹ صاحب مدارس نے رپورٹ منسلکہ مین پانچ مدرسین مدرسہ مڈل کی تنخواہون مین اضافہ کی سفارش کی ہے چونکہ ان مدرسین کا کام اچھا ہے لہذا سفارش قابل منظوری ہے - مدرسین مندرجہ تحت کا حسب ذیل اضافہ کیا جاتا ہے

ماسٹر محمد ضیا خان مدرس انگریزی تنخواہ دارندہ ماہوار کا دو روپیہ ماہوار

فضل الرحمن خان مدرس درجہ الف تنخواہ دارندہ ماہوار کا دو روپیہ ماہوار -

نزاکت حسین خان مدرس ریاضی درجہ اول و دوم تنخواہ دارندہ ماہوار کا ایک روپیہ ماہوار -

سید مختار احمد مدرس اردو درجہ اول و دوم تنخواہ دارندہ ماہوار کا ایک روپیہ ماہوار -

مولوی ابوطاہر مدرس اردو درجہ سوم و چہارم تنخواہ دارندہ ماہوار کا ایک روپیہ ماہوار -

لہذا حکم ہوا کہ

حسب صراحت بالا احکام ضابطہ جاری ہون -

دستخط صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

## روبکار اجلاس صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر واقع ۱۱ راپریل ۱۹۲۷ء

مڈل اسکول کے امتحان مین درجہ دوم سے ششم تک ۷۰ طلبا شریک امتحان ہوے جنمین سے ۴۱ پاس ہوئے - اور ۲۹ فیل ہوے - ہر درجہ کے طلبا شریک امتحان اور پاس شدہ کی تفصیل حسب ذیل ہے -

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| درجہ دوم | ۶ | شریک | ۲۳ | پاس |
| 〃 سوم | ۱۹ | 〃 | ۵ | 〃 |
| 〃 چہارم | ۱۲ | 〃 | ۶ | 〃 |
| 〃 پنجم | [illegible] | 〃 | ۲ | 〃 |
| 〃 ششم | [illegible] | 〃 | ۵ | 〃 |

بجز درجہ سوم اور پنجم کے کل درجات کا نتیجہ اچھا ہی۔ اور درجۂ دوم کا نتیجہ بہت اچھا ہی۔ درجہ سوم کا نتیجہ خراب ہونیکی بڑی وجہ محمد شفیق مدرس سابق کی سستی اور غفلت ہی جس بنا پر وہ موقوف کیا گیا۔ درجہ پنجم کا نتیجہ خراب ہونیکی بڑی وجہ یہ ہی کہ جغرافیہ میں طلبا بہت کمزور تھے۔ علاوہ درجہ پنجم کے درجات ششم و چہارم کے طلبا بھی جغرافیہ میں کمزور تھے۔ چونکہ ان درجات کا جغرافیہ محمد احمد خان کے متعلق تہا اُنکی نسبت علیحدہ حکم دیا گیا ہی۔ ہیڈ ماسٹر مڈل اسکول کی کوشش سے مدرسہ کی حالت بہت سنبھل چکی ہی۔ اُمید ہی آیندہ دن بدن مدرسہ کی تعلیمی حالت میں ترقی ہوگی۔ اسوقت مڈل اسکول میں ۲۰۸ طلبا کا اندراج ہے جو بمقابلہ سابق ڈہائی گونہ سے زیادہ ہیں۔ یہ ہیڈ ماسٹر کی محنت کا نتیجہ ہی۔ درجات الف و ب و اول کے نتائج دیکھنے سے واضح ہو کہ جدید انتظام کے بعد جو تعلیم ہوئی ہی وہ قابل اطمینان ہی۔ جب یہ طلبا ترقی کرکے اعلے درجات میں پہنچینگے اُسوقت اُمید ہی کہ اسکول کی حالت بہت بہتر ہوگی۔ ان درجات کا نتیجہ امتحان حسب ذیل ہی۔

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| درجۂ اول | ۱۳۱ شریک | ۲۶ پاس | درجۂ ب | ۱۵ شریک | ۱۰ پاس | | |
| درجۂ الف | ۲۷ شریک | ۱۵ پاس | اسپیشل کلاس | ۱۳ شریک | ۹ پاس | | |

علاوہ اسکے درجۂ الف کے ۸ طلبا نے ایک سال میں درجۂ الف اور ب کا ذیل امتحان دیا اور اُنمین سے ۷ پاس ہوئے۔ یہ امر مدرسین کی نہایت مستعدی سے کام کرنیکی دلیل ہی۔ یہ امر بھی قابل نوٹ ہی کہ انگریزی کا نتیجہ ہر درجہ کا بہت اچھا ہی۔ اور درجات ششم لغایت چہارم میں زبان کے پرچہ میں ایک بھی فیل نہیں ہی۔ درجہ سوم میں پرچۂ زبان میں منجملہ ۱۹ کے صرف ایک فیل ہی۔ جن مدرسین کے متعلق زبان کی تعلیم ہے اُنکا کام بہت اچھا ہی۔

حکم ہے کہ

روبکار ہذا انسپکٹر صاحب مدارس کے پاس مرسل ہو۔ اور ایک نقل اس روبکار کی درج گزٹ کیجائے۔

دستخط صاحب جوڈیشل سکرٹری بہادر

## حکم اجلاس صاحب جوڈیشل سکرٹری بہادر واقع ۱۱ ؍ اپریل سنہ ۱۹۲۰ء

چونکہ مدرسہ مڈل کی حالت خراب تھی۔ درستی مدرسہ کیلئے جو انتظام جدید کیا گیا ہی اسکا نتیجہ دو تین سال میں اُسوقت ظاہر ہوگا جب ماتحت درجات کے طلبہ ترقی کرکے اعلے درجات میں پہنچینگے۔ سب سے زیادہ نقصان یہ ہے کہ درجات پنجم و ششم میں طلبہ کی تعداد کم ہے اور اُسکا اثر مڈل کے ذیل امتحان پر پڑتا ہے۔ امتحان سالانہ میں ایک یا دو لڑکونکا شریک ہونا مدرسہ کے لئے کسقدر بدنما ہی اسکے لئے ہیڈ ماسٹر مڈل اسکول کی یہ تجویز کہ چند لڑکوں کو ترقی دیکر درجہ ششم میں ذیل تعلیم دیجائے۔ تاکہ آیندہ سال درجۂ ہفتم کے لئے تعداد طلبہ کافی مہیا ہوجائے نہایت مناسب ہے۔ اور چونکہ مدرسین کے نوٹل منظور شدہ میں گنجائش ہی لہذا اس کام کے لئے ایک مدرس کا اضافہ کیا جاتا ہی۔ ہیڈ ماسٹر مڈل اسکول غیر وقت اسکول میں بھی جدید مدرس سے کام لینگے۔ نیز موجودہ مدرسین میں سے باری باری ایک مدرس سے غیر وقت اسکول میں کام لے سکینگے۔ مظفر حسین انٹرنس فیل کا تقرر بپندرہ روپیہ تنخواہ پر استحاناً برائے چہ ماہ منظور کیا جاتا ہے۔ احکام ضابطہ جاری ہوں۔

دستخط صاحب جوڈیشل سکرٹری بہادر

## احکام اجلاس صاحب جوڈیشل سکرٹری بہادر واقع ۱۱ ؍ اپریل سنہ ۱۹۲۰ء

مدرسہ اپر پرائمری گھیر ظفر خان میں انگریزی خوان طلبا نہیں ہیں۔ اور مدرس اول مدرسہ مذکور جو استحاناً اس مدرسہ میں مقرر کیا تہا اُسکا کام نہایت خراب ہے۔ یہ مدرسہ آیندہ بجے فارسی رہیگا۔ اپر پرائمری نہ رہیگا۔ لہذا شمس الاسلام مدرس اول مدرسہ مذکور برخاست کیا گیا۔ اور بجائے شمس الاسلام کے احمد جان خان منشی عالم پاس کا تقرر استحاناً برائے چہ ماہ بپندرہ روپیہ تنخواہ پر کیا گیا۔ مدرسہ بازار نصر اللہ خان کے مدرس اول یوسف حسن کا کام نہایت خراب ہی۔ اسلئے نامبردہ برخاست کیا گیا۔ اور بجائے یوسف حسن کے سید مصطفے حسین حال مدرس دوم مدرسہ پل بچہ باضافہ تین روپیہ ماہوار استحاناً برائے چہ ماہ مدرس اول مدرسہ بازار نصر اللہ خان میں مقرر کیا گیا۔ اور مدرسہ پل بچہ میں بجائے سید مصطفے حسین مسمی سید اشتیاق حسین مدرس دوم مدرسہ بہاری دروازہ تبدیل کیا گیا اور مدرسہ بہاری دروازہ میں سے عاشق رضا خان چہارم پاس استحاناً برائے چہ ماہ بارہ روپیہ ماہوار پر مدرس دوم مقرر کیا گیا۔ بنابران حکم ہوا کہ نقل حکم ہذا برائے اندراج گزٹ مطبع کو مرسل ہو۔

دستخط صاحب جوڈیشل سکرٹری بہادر

## تقرر

۱۱ ؍ اپریل سنہ ۱۹۲۰ء

سے رام سروپ مدرس گودی غیر حاضری کا عادی ہی۔ اور اُسکی مدت ملازمت استحاناً آخر مارچ سنہ ۱۹۲۰ء کو ختم ہوچکی ہی۔ لہذا اُسکا نام فہرست ملازمان سے خارج کیا گیا۔ اور مدرسہ گودی میں مسمی نظیر خان کا تقرر دس روپیہ تنخواہ پر استحاناً برائے چہ ماہ کیا گیا۔ بنابران حکم ہوا کہ نقل حکم ہذا برائے اندراج گزٹ مطبع کو مرسل ہو۔

دستخط صاحب جوڈیشل سکرٹری بہادر

سرکاری پریس ریاست رامپور میں چھپکر شائع ہوا

# نقشہ نرخنامہ اجناس ریاست رامپور بابت ابتدا یکم لغایت ۷ مئی ۱۹۲۶ء

| نام جنس | حضور تحصیل | شاہ آباد | ملک | بلاسپور | سوار | ٹانڈہ | کیفیت |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| گندم | ۱۷ | | | | | ۱۷ | دیگر تحصیلات سے نقشہ نہیں آیا |
| نخود خالص | ۱۸ | | | | | ۱۸ | |
| نخود کشتہ آمیز | ۱۰۸ | | | | | ۱۹ | |
| [illegible] | ۱۲ | | | | | ۱۰۹ | |
| [illegible] | ۱۰۵ | | | | | ۱۰۵ | |
| مکہ | ۱۰ | | | | | ۱۹ | |
| جئی | ۱۲ | | | | | ۱۱ | |
| گوجئی | ۱۱۰ | | | | | ۱۸ | |
| عدس | ۲۲ | | | | | ۲ | |
| ارہر | ۶ | | | | | ۱۰ | |
| برنج | ۱۵ | | | | | ۱۵ | |
| روغن زرد | ۱۰ | | | | | ۱۰ | |
| روغن سیاہ | ۲۲ | | | | | ۲۲ | |
| روغن کنجد | ۱۱ | | | | | ۱۱ | |
| نمک سانبھر | ۱۲ | | | | | ۱۲ | |
| نمک لاہوری | ۶ | | | | | ۸ | |
| قند سیاہ | ۸ | | | | | ۸ | |
| باجرہ | ۲۰ | | | | | ۱۸ | |
| مونگ | ۱۳ | | | | | ۱۵ | |

# نقشہ گوشوارہ حیات ممات متعلقہ ریاست رامپور من ابتدائے اکتوبر سنہ ۱۹۲۶ء لغایت مارچ سنہ ۱۹۲۷ء

| نام مقام | تفصیل پیدائش — مرد — مسلمان | تفصیل پیدائش — مرد — ہندو | تفصیل پیدائش — عورت — مسلمان | تفصیل پیدائش — عورت — ہندو | تفصیل پیدائش — میزان | تفصیل پیدائش — تفصیل مذہب — مسلمان | تفصیل پیدائش — تفصیل مذہب — ہندو | تفصیل فوتی — ایک سال سے ۵ سال تک — مرد | تفصیل فوتی — ایک سال سے ۵ سال تک — عورت | تفصیل فوتی — ۵ سال سے ۱۲ سال تک — مرد | تفصیل فوتی — ۵ سال سے ۱۲ سال تک — عورت | تفصیل فوتی — ۱۲ سال سے زیادہ — مرد | تفصیل فوتی — ۱۲ سال سے زیادہ — عورت | تفصیل فوتی — میزان — مرد | تفصیل فوتی — میزان — عورت | تفصیل فوتی — تفصیل مذہب — مسلمان | تفصیل فوتی — تفصیل مذہب — ہندو | تفصیل امراض — ہیضہ | تفصیل امراض — چیچک | تفصیل امراض — تپ | تفصیل امراض — متفرق | تفصیل امراض — مار گزیدہ | تفصیل امراض — دیگر درندوں کے کاٹنے سے | تفصیل امراض — طاعون | از خانہ نمبر ۱۹ لغایت خانہ نمبر ۲۵ | کیفیت |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ۱ | ۲ | ۳ | ۴ | ۵ | ۶ | ۷ | ۸ | ۹ | ۱۰ | ۱۱ | ۱۲ | ۱۳ | ۱۴ | ۱۵ | ۱۶ | ۱۷ | ۱۸ | ۱۹ | ۲۰ | ۲۱ | ۲۲ | ۲۳ | ۲۴ | ۲۵ | ۲۶ | ۲۷ |
| کوتوالی | ۱۵۰ | ۵۴ | ۸۳ | ۳۱ | ۳۱۸ | ۲۳۳ | ۸۵ | ۹۳ | ۹۲ | ۱۱ | ۸ | ۱۳۰ | ۱۰۱ | ۲۲۵ | ۱۷۱ | ۳۷ | ۸۹ | ۶ | ۴۶ | ۰ | ۲۴۴ | ۰ | ۰ | ۰ | ۲۹۶ | |
| گنج | ۸۶ | ۱۴ | ۴۸ | ۹ | ۱۵۷ | ۱۳۴ | ۲۳ | ۹۲ | ۴۵ | ۷ | ۴ | ۹۲ | ۶۵ | ۱۶۱ | ۱۱۴ | ۲۵۲ | ۲۳ | ۱۹ | ۹ | ۰ | ۲۴۷ | ۰ | ۰ | ۰ | ۲۷۵ | |
| حوالی شہر | ۴۹ | ۴۵ | ۴۳ | ۲۷ | ۱۶۴ | ۹۲ | ۷۲ | ۲۰ | ۱۵ | ۲ | ۱ | ۴۹ | ۲۷ | ۷۱ | ۴۲ | ۷۲ | ۳۸ | ۰ | ۰ | ۱۱۰ | ۴ | ۰ | ۰ | ۰ | ۱۱۴ | |
| عظیم نگر | ۱۴۰ | ۱۲۶ | ۱۰۷ | ۹۷ | ۴۷۰ | ۲۶۸ | ۲۲۳ | ۹۱ | ۹۲ | ۷ | ۱۲ | ۱۴۹ | ۹۱ | ۲۱۷ | ۱۶۵ | ۲۱۵ | ۱۶۷ | ۰ | ۳ | ۰ | ۳۷۶ | ۱ | ۲ | ۰ | ۳۸۲ | |
| شاہ آباد | ۸۲ | ۲۰۳ | ۶۰ | ۱۵۵ | ۵۰۰ | ۱۴۲ | ۳۵۸ | ۶۴ | ۵۲ | ۴۰ | ۳۹ | ۱۵۴ | ۱۴۲ | ۲۵۸ | ۲۱۳ | ۱۴۵ | ۳۲۶ | ۰ | ۲۸ | ۰ | ۴۳۱ | ۰ | ۰ | ۱۲ | ۴۷۱ | |
| پٹوائی | ۴۴ | ۱۶۲ | ۳۴ | ۱۵۱ | ۳۹۱ | ۷۸ | ۳۱۳ | ۳۳ | ۲۲ | ۶ | ۳ | ۸۲ | ۸۱ | ۱۲۰ | ۸۶ | ۴۳ | ۱۶۳ | ۱۵ | ۰ | ۰ | ۱۹۲ | ۰ | ۰ | ۰ | ۲۰۶ | |
| ملک | ۵۰ | ۳۵۴ | ۳۸ | ۲۹۱ | ۷۳۳ | ۸۸ | ۶۴۵ | ۱۰۰ | ۷۶ | ۱۴ | ۱۳ | ۲۲۶ | ۱۵۷ | ۳۳۶ | ۲۴۶ | ۱۰۵ | ۴۷۷ | ۰ | ۱۵ | ۰ | ۵۷۶ | ۱ | ۰ | ۰ | ۵۹۲ | |
| بلاسپور | ۱۰۵ | ۹۳ | ۷۴ | ۶۵ | ۳۳۷ | ۱۷۹ | ۱۵۸ | ۲۵ | ۲۲ | ۲۸ | ۱۴ | ۱۰۵ | ۵۷ | ۱۵۸ | ۹۳ | ۱۵۳ | ۹۸ | ۰ | ۰ | ۱۴۹ | ۰ | ۳ | ۰ | ۰ | ۲۵۱ | |
| کیمری | ۳۷ | ۱۳۱ | ۳۵ | ۹۷ | ۳۰۰ | ۷۲ | ۲۲۸ | ۱۸ | ۱۸ | ۶ | ۵ | ۷۸ | ۴۴ | ۱۰۲ | ۶۷ | ۵۷ | ۱۱۲ | ۰ | ۰ | ۱۵۹ | ۱۰ | ۰ | ۰ | ۰ | ۱۶۹ | |
| سوار | ۱۵۶ | ۹۶ | ۹۲ | ۶۱ | ۴۰۵ | ۲۴۸ | ۱۵۷ | ۴۹ | ۳۷ | ۱۱ | ۱۴ | ۱۴۶ | ۹۷ | ۲۰۶ | ۱۴۶ | ۲۲۱ | ۱۳۱ | ۴ | ۶ | ۰ | ۳۴۰ | ۰ | ۰ | ۱ | ۳۵۲ | |
| ٹانڈہ | ۱۴۸ | ۱۲۹ | ۱۲۷ | ۱۱۷ | ۵۲۱ | ۲۷۵ | ۲۴۶ | ۴۴ | ۵۵ | ۷ | ۳ | ۴۳ | ۱۴۳ | ۱۷۸ | ۱۲۷ | ۱۲۸ | ۱۴۹ | ۰ | ۰ | ۰ | ۳۰۷ | ۰ | ۰ | ۰ | ۳۰۷ | |
| میزان | ۱۰۴۸ | ۱۴۰۳ | [illegible] | ۱۱۰۱ | [illegible] | ۱۸۰۹ | [illegible] | ۵۸۰ | [illegible] | ۱۳۹ | ۱۱۵ | ۱۳۱۰ | ۹۰۶ | ۲۰۲۸ | [illegible] | [illegible] | [illegible] | ۴۴ | ۲۰۸ | [illegible] | ۲۸۲۶ | ۴ | ۲ | ۱۲ | ۲۵۱۶ | |